انڈیا
INS
INDIA
WORLD'S NO-1-URDU NEWS AGENCY

روسی صدر ولادیمیر پوٹن سے وزیر اعظم کی ٹیلی فون پر بات چیت

نئی دہلی: 18 مارچ

روسی صدر ولادیمیر پوٹن نے آج شام 7.30 بجے وزیر اعظم کو ٹیلی فون کیا اور یوکرین کی موجودہ صورتحال اور کریمیا میں حالیہ ریفرنڈم پر بحث کی۔

وزیر اعظم نے یوکرین میں حالیہ واقعات کے سلسلے میں روس کا موقف واضح کرنے کے لئے صدر پوٹن کا شکریہ ادا کیا۔انہوں نے ممالک کے اتحاد اور جغرافیائی سالمیت کے مسائل پر ہندوستان کے مستقل نقطۂ نظر پر زور دیا۔وزیر اعظم نے امید ظاہر کی کہ تمام فریق احتیاط سے کام لیں گے اور ایسے سیاسی اور سفارتی حل ڈھونڈنے کے لئے تخلیقی طور پر ساتھ مل کر کام کریں گے جس سے اس علاقے کے تمام ممالک کے جائز مفادات کی حفاظت کی جائے گی اور یورپ میں اور اس کے باہر کے ممالک میں دیرپا امن اور استحکام کو یقینی بنایا جائے گا۔

وزیر اعظم اور صدر پوٹن نے ہندوستان اور روس کے درمیان گہرے تعلقات اور باہمی مفید پارٹنر شپ پر بھی بحث کی اور اپنے خاص اور مراعات یافتہ طبقے کی اسٹریٹیجک شراکت کو دونوں ممالک کی طرف سے جو اہمیت دی جاتی ہے اس کی پھر سے تصدیق کی۔وزیر اعظم نے حالیہ برسوں میں ہند-روس اسٹریٹیجک پارٹنر شپ کو مزید مضبوط کرنے میں ان کی ذاتی قیادت کے لئے بھی صدر پوٹن کا شکریہ ادا کیا۔

نئی دہلی،

18 مارچ، 2014

I-91, Lubna House, Batla House, Jamia Nagar New Delhi-110025, Ph:26982149.26985681